www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



سے پورا پورا تعاون کرے گی اور ان رہنماؤں کو قومی ہیرو تصور کرے گی جو اس میدان میں اپنے آپ کو پوری قوم کے اعتماد کا اہل ثابت کر پائیں گے۔ گو آپ نے ردی کی ٹوکری سے کاتب بے وفا وعدہ کیا ہے تاہم ہم بھوکے ننگے رہ کر اپنی آخری پونجی تک اس پر لگا دیں گے ـــــ یقین کیجئے! اب ایٹمی دوڑ شروع ہو چکی ہے اور ہزار بندشوں کے باوجود سینکڑوں حیلوں بہانوں کے ذریعے ہر قوم ایٹمی طاقت بننے کے لیے ضرور جتن کرے گی۔ اب بھی اگر آپ پیچھے رہے تو ہمارے نزدیک اس سے بڑھ کر ہماری اور کوئی بدنصیبی نہیں ہوگی۔

---

## گر گر کے پہنچتے ہیں سرِ بام ہمیشہ

عبدالرحمٰن عاجز

★

ملتا ہے جہاں میں انہیں آرام ہمیشہ
آتے ہیں جہاں والوں کے جو کام ہمیشہ

معلوم ہوا سب سے یہ ہیں تیری طرف سے
ہم سہتے ہیں ہنس ہنس کے سب آلام ہمیشہ

ممکن ہے مقرب ہو وہ دربارِ خدا میں
رہتا ہے جو آفاق میں گمنام ہمیشہ

مٹتے رہے مٹ جائیں گے اسلام کے دشمن
دنیا میں رہے گا مگر اسلام ہمیشہ

حاصل ہوئی حق ہی کو ظفر دہر میں آخر
حق والوں پہ گو آئے ہیں الزام ہمیشہ

غم تھا نہ کوئی وسوسہ سود و زیاں تھا
یاد آتے ہیں بچپن کے وہ ایام ہمیشہ

ہے نزع، کہیں موت، کہیں قبر، کہیں حشر
دل کیوں نہ رہے لرزہ بر اندام ہمیشہ

پہچان ہے اللہ کے ولیوں کی یہ اے دوست
دیتے ہیں دعا سن کے وہ دشنام ہمیشہ

جینا ہو، کہ مرنا ہو، خوشی ہو، کہ غمی ہو
رکھ سامنے اللہ کے احکام ہمیشہ

پہچان ہے اللہ کی اک یہ بھی تو عاجز
پاتا نہیں ہر کام سرانجام ہمیشہ



© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ